19x29 انچ کے مستطیل سانچے پر چکنا کاغذ لگائیں۔ ایک پیالے میں میوسیلی، میدہ، چینی، ناریل، اخروٹ اور کھجور ملالیں۔ ساس پین میں مکھن، گولڈن سیرپ اور پانی ڈال کر آمیزہ گاڑھا ہونے تک پکا کر چولہا بند کردیں۔ اس میں سوڈا بائی کاربونیٹ ملا کر میوسیلی والے آمیزے میں ڈالیں اور انڈہ بھی شامل کردیں۔ اس آمیزے کو سانچے میں ڈال کر چمچے سے اچھی طرح دبائیں۔ سانچے کو پہلے سے گرم اوون میں 180°C پر 30 منٹ تک پکا کر نکالیں۔ اسے وائر ریک پر رکھ کر ٹھنڈا کریں اور ٹکڑے کاٹ کر پیش کریں۔

Chocolate Chip Cookies

Ingredients:

Refined flour	2 ¼ cup
Baking soda	1 tsp
Icing sugar	½ cup
Brown sugar	1 cup
Vanilla essence	1 tsp
Eggs	2
Chocolate chips	2 cups
Salt	1 tsp
Butter (unsalted)	¾ cup

Method:

- Mix salt and soda in flour; sieve.
- Beat butter and both sugars in a bowl with an electric beater till creamy.
- Add essence and eggs; beat; add flour and chocolate chips; mix with a spoon.
- Drop spoonfuls of batter in a baking tray on intervals.
- Bake in a pre-heated at 180°C for 10 minutes or till golden; remove on a wire-rack.
- Allow to cool; serve.

چاکلیٹ چپ کوکیز

اجزاء:

میدہ	2¼ پیالی
بیکنگ سوڈا	ایک چائے کا چمچہ
پسی ہوئی چینی	½ پیالی
براؤن چینی	ایک پیالی
ونیلا ایسنس	1½ چائے کے چمچے
انڈے	2 عدد
چاکلیٹ چپس	2 پیالی
نمک	ایک چائے کا چمچہ
پھیکا مکھن	¾ پیالی

ترکیب:

میدے میں بیکنگ سوڈا اور نمک ملا کر چھان لیں۔ ایک پیالے میں مکھن، چینی اور براؤن چینی کو الیکٹرک بیٹر کی مدد سے کریمی ہونے تک پھینٹیں۔ اس میں ایسنس اور انڈے ڈال کر مزید تھوڑی دیر تک پھینٹیں، پھر میدہ اور چاکلیٹ چپس ڈال کر چمچے سے ملا لیں۔ آمیزے کو چمچے کی مدد سے بیکنگ ٹرے پر تھوڑے تھوڑے فاصلے پر رکھیں۔ اسے پہلے سے گرم اوون میں 180°C پر 10 منٹ یا سنہری رنگ آنے تک پکا کر وائر ریک پر نکال لیں۔ ٹھنڈا ہو جانے پر پیش کریں۔

Apple and Cabbage Salad

Salad Ingredients:

Cabbage (finely cut)	½
Carrot (finely cut)	1
Apple (finely cut)	1
Parsley (chopped)	2 tbsp
Lemon juice	1 tbsp

Dressing Ingredients:

Mayonnaise	1 cup
White vinegar	¼ cup
Honey	1 tsp
Poppy seeds	1 tbsp
Black pepper (crushed)	1 tsp
Salt	½ tsp

Method:

- Mix dressing ingredients in a bowl.
- Mix salad ingredients in a separate bowl; add dressing; mix well; refrigerate.
- Serve cold.

سیب اور بند گوبھی کا سلاد

سلاد کے اجزاء:

بند گوبھی (باریک کٹی ہوئی)	½ عدد
گاجر (باریک کٹی ہوئی)	ایک عدد
سیب (باریک کٹا ہوا)	ایک عدد
اجمودہ (چوپ کیا ہوا)	2 کھانے کے چمچے
لیموں کا رس	ایک کھانے کا چمچہ

ڈریسنگ کے اجزاء:

مایونیز	ایک پیالی
سفید سرکہ	¼ پیالی
شہد	ایک چائے کا چمچہ
خشخاش	ایک کھانے کا چمچہ
کٹی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچہ
نمک	½ چائے کا چمچہ

ترکیب:

ایک پیالے میں ڈریسنگ کے اجزاء یکجان کرلیں۔ ایک پیالے میں سلاد کے اجزاء ملائیں اس میں ڈریسنگ اچھی طرح سے ملا کر فرج میں رکھ دیں۔ مزیدار سلاد ٹھنڈا کر کے پیش کریں۔

LIVELY WEEKENDS

Bread Loaf

Ingredients:

Chicken pieces (boneless)	250 grams
Eggs (boiled)	3
Bread	as required
Fresh cream	1 cup + for coating
Mayonnaise	1 cup
Black pepper (crushed)	1 tsp
Red chillies powder	1 tsp
Ginger/garlic paste	1 tsp
Chinese salt	½ tsp
Salt	to taste
Tomato ketchup, Fresh coriander	for garnishing

Method:

- Bring to boil chicken, Chinese salt, ginger/garlic, pepper, red chillies and salt in a pot; shred chicken.
- Add ½ mayonnaise and ½ cream.
- Mash eggs; add remaining mayonnaise and cream in it.
- Spread egg mix on 1 slice of bread; place another slice on top; spread chicken on it.
- Repeat process to prepare more stacks.
- Place them side by side; coat with cream.
- Garnish with coriander and ketchup; serve.

بریڈلوف

اجزاء:

مرغی کی بوٹیاں (بغیر ہڈی)	250 گرام
انڈے (اُبلے ہوئے)	3 عدد
ڈبل روٹی	حسب ضرورت
کریم	ایک پیالی+لگانے کے لئے
مایونیز	ایک پیالی
کُٹی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچہ
پسی ہوئی لال مرچ	ایک چائے کا چمچہ
پسا ہوا لہسن ادرک	ایک چائے کا چمچہ
چائنیز نمک	½ چائے کا چمچہ
نمک	حسب ذائقہ
ٹماٹو کیچپ، ہرا دھنیا	سجانے کے لئے

ترکیب:

دیگچی میں مرغی کی بوٹیاں، چائنیز نمک، لہسن ادرک، کالی مرچ، لال مرچ اور نمک ڈال کر اُبالیں اور اس کے ریشے کرلیں۔ اس میں ½ مایونیز اور ½ کریم ملالیں، انڈوں کا بُھرتہ بنا کر اس میں باقی مایونیز اور باقی کریم ملالیں۔ ایک سلائس پر انڈے کا آمیزہ لگائیں، اس کے اوپر دوسرا سلائس رکھ کر مرغی کا آمیزہ لگائیں۔ اس عمل کو دہراتے ہوئے باقی سلائس بھی تیار کرلیں۔ اُن کو برابر برابر رکھ دیں اور پوری طرح سے کریم سے ڈھانپ دیں۔ اسے ٹماٹو کیچپ اور ہرے دھنیے سے سجا کر پیش کریں۔

Eclairs

Ingredients:

Water	1 cup
Refined flour	1 cup
Butter	½ cup
Eggs	4 + for brushing
Salt	½ tsp
Chocolate (melted)	for garnishing

Fillings Ingredients:

Milk (fresh)	2 ¼ cups
Sugar	½ cup + ¾ cup
Cornflour	¼ cup
Egg yolks	4
Vanilla extract	1 tsp
Water	1 cup
Salt	1 pinch

Method:

- Cook water, butter and salt in a saucepan for 5 minutes; remove from flame.
- Add flour; cook for 2 minutes while stirring continuously.
- Add eggs; beat with an electric beater.
- Fill batter in a piping bag.
- Line a baking tray with butter paper; squeeze out batter in long and round shapes on it from the piping bag; brush egg on them.
- Bake in a pre-heated oven at 250°C till golden; remove.
- Cook filling ingredients in a saucepan while stirring continuously, till thick.
- Fill filling in a piping bag; cut a hollow in the centre of bottom of eclairs and squeeze filling into them or make a hole in eclairs and layer with filling.
- Garnish with chocolate; serve.

ایکلیئرز

اجزاء:

پانی	ایک پیالی
میدہ	ایک پیالی
مکھن	½ پیالی
انڈے	4 عدد + لگانے کے لئے
نمک	½ چائے کا چمچہ
چاکلیٹ (پگھلی ہوئی)	سجانے کے لئے

بھرنے کے اجزاء:

تازہ دودھ	2¼ پیالی
چینی	½ پیالی + ¾ پیالی
کارن فلور	¼ پیالی
انڈے کی زردیاں	4 عدد
ونیلا ایکسٹریکٹ	ایک چائے کا چمچہ
پانی	ایک پیالی
نمک	ایک چٹکی

ترکیب:

ساس پین میں پانی، مکھن اور نمک ملا کر 5 منٹ تک پکا کر چولہا بند کر دیں۔ اس میں میدہ ملائیں اور چولہا جلا کر 2 منٹ تک چمچہ چلاتے ہوئے پکائیں، پھر انڈے ڈال کر الیکٹرک بیٹر سے یکجان کر لیں۔ اسے پائپنگ بیگ میں بھر لیں۔ اوون کی ڈش پر چکنا کاغذ بچھائیں، پائپنگ بیگ سے گول اور لمبوترے انداز میں آمیزہ ڈالیں اور برش سے انڈہ لگا دیں۔ ٹرے کو پہلے سے گرم اوون میں 250°C پر سنہری رنگ آنے تک پکا کر نکالیں، ساس پین میں بھرنے کے اجزاء ڈالیں اور چمچہ چلاتے ہوئے گاڑھا ہونے تک پکا لیں۔ اسے پائپنگ بیگ میں بھر لیں۔ ایکلیئرز کے درمیان میں چھری سے جگہ بنائیں اور آمیزہ بھر لیں یا پھر درمیان سے کاٹ کر آمیزے کی تہہ لگالیں [illegible] پیش کریں۔

Food PLANET

Uzma Masood

Spanish Omelette

Ingredients:

Eggs	5
Potatoes (grated)	4
Onion (chopped)	1
Salt	to taste
Olive oil	1 cup

Method:

- Heat oil in a frying pan; fry onion and potatoes golden; remove.
- Add to eggs; beat; add salt.
- Fry eggs in the same pan.
- When golden from one side; place a plate on top of the pan and flip omelette.
- Fry golden from the other side; remove in a plate.

اسپینش آملیٹ

اجزاء:

انڈے	5 عدد
آلو (کدوکش)	4 عدد
پیاز (چوپ کی ہوئی)	ایک عدد
نمک	حسب ذائقہ
زیتون کا تیل	ایک پیالی

ترکیب:

فرائنگ پین میں تیل گرم کریں۔ اس میں پیاز اور آلو سنہری تل کر نکال لیں۔ انہیں انڈوں میں ملا کر پھینٹیں اور نمک ملا لیں۔ اسی فرائنگ پین میں انڈے پھیلا کر ڈالیں۔ ایک جانب سے سنہری ہو جائے تو اس کے اوپر پلیٹ رکھیں اور اس کی مدد سے آملیٹ پلٹ لیں۔ اسے دوسری جانب سے بھی سنہری ہونے تک پکا کر پلیٹ میں نکال لیں۔

Delicious Undercut

Ingredients:

Undercut (finely cut)	½ kg
Ginger/garlic paste	1 tbsp
Mustard paste	1 tbsp
Refined flour (sieved)	½ cup
Lemon juice	1 tbsp
Black pepper powder	1 tsp
HP sauce	1 tbsp
Oil	for frying
Corn fried rice	as accompaniment

Method:

- Marinate undercut with mustard paste, ginger/garlic and lemon juice; refrigerate overnight.
- Heat oil in a wok; fry undercut golden; remove in a pyrex dish.
- Add remaining ingredients; wrap undercut in aluminium foil.
- Bake in a pre-heated oven at 180°C for 10 minutes; remove.
- Dish out; serve with corn fried rice.

مزیدار انڈرکٹ

اجزاء:

انڈرکٹ (باریک کٹا ہوا)	½ کلو
پسا ہوا لہسن ادرک	ایک کھانے کا چمچہ
مسٹرڈ پیسٹ	ایک کھانے کا چمچہ
میدہ (چھنا ہوا)	½ پیالی
لیموں کا رس	ایک کھانے کا چمچہ
پسی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچہ
ایچ پی ساس	ایک کھانے کا چمچہ
تیل	تلنے کے لئے
کارن فرائیڈ رائس	ہمراہ پیش کرنے کے لئے

ترکیب:

انڈرکٹ میں مسٹرڈ پیسٹ، لہسن ادرک اور لیموں کا رس ملا کر ایک رات کے لئے فرج میں رکھ دیں۔ کڑاہی میں تیل گرم کریں اور انڈرکٹ سنہری تل کر نکال لیں۔ انہیں پائریکس کی ڈش میں ڈالیں، اس پر باقی اجزاء ڈال کر المونیم فوائل سے لپیٹیں۔ اسے پہلے سے گرم اوون میں 180°C پر 10 منٹ پکا کر نکال لیں۔ اسے ڈش میں نکالیں اور کارن فرائیڈ رائس کے ہمراہ پیش کریں۔

Chicken Wings

Wings Ingredients:

Chicken wings (with skin)	12
Garlic powder	1 tbsp
Black pepper (crushed)	2 tsp
Red chillies (crushed)	1 tbsp
Worcestershire sauce	1 tbsp
Apple cider vinegar	1 tbsp
Basil leaves, Lemon (slices)	for decoration

Sauce Ingredients:

Hot sauce	3 tbsp
Chilli garlic sauce	¼ cup
Lemon juice	2 tbsp
Butter	1 tbsp

Method:

- Marinate wings with their ingredients; refrigerate for 1 hour.
- Place in a baking tray; bake in a pre-heated oven at 180°C for 30 minutes; remove.
- Cook sauce ingredients in a saucepan for 5 minutes; add wings; dish out.
- Decorate dish with basil and lemon; serve.

چکن وِنگز

پر کے اجزاء:

مرغی کے پر بمعہ کھال	12 عدد
گارلک پاؤڈر	ایک کھانے کا چمچہ
کُٹی ہوئی کالی مرچ	2 چائے کے چمچے
کُٹی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچہ
ووسٹر شائر ساس	ایک کھانے کا چمچہ
سیب کا سرکہ	ایک کھانے کا چمچہ

تُلسی کے پتے، لیموں (قتلے) سجانے کے لئے

ساس کے لئے:

ہاٹ ساس	3 کھانے کے چمچے
چلی گارلک ساس	¼ پیالی
لیموں کا رس	2 کھانے کے چمچے
مکھن	ایک کھانے کا چمچہ

ترکیب:

مرغی کے پروں پر اس کے اجزاء ملا کر ایک گھنٹے کے لئے فرج میں رکھ دیں۔ اسے بیکنگ ٹرے میں رکھ کر پہلے سے گرم اوون میں 180°C پر 30 منٹ تک پکا کر نکال لیں۔ ساس پین میں ساس کے اجزاء 5 منٹ تک پکائیں، اس میں مرغی کے پر ملا کر ڈش میں نکال لیں۔ ڈش کو تلسی کے پتوں اور لیموں سے سجا دیں۔

Baked Potatoes

Ingredients:

Potatoes	250 grams
Red chillies (crushed)	1 tbsp
Basil leaves (chopped)	1 tsp
Oregano	1 tsp
Salt	1 tsp
Oil	2 tbsp

Method:

- Peel potatoes; cut into rounds.
- Mix potatoes with all ingredients; set aside for a little while.
- Place potatoes on a baking tray; bake in a pre-heated oven at 200°C for 10 minutes; remove.

بیکڈ آلو

اجزاء:

آلو	250 گرام
کٹی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچہ
تلسی (چوپ کی ہوئی)	ایک چائے کا چمچہ
اوریگانو	ایک چائے کا چمچہ
نمک	ایک چائے کا چمچہ
تیل	2 کھانے کے چمچے

ترکیب:

آلوؤں کو چھیل کر قتلے کاٹ لیں۔ اس پر تمام اجزاء ملا کر تھوڑی دیر کے لئے رکھ دیں۔ اسے بیکنگ ٹرے میں رکھ کر پہلے سے گرم اوون میں 200°C پر 10 منٹ تک پکا کر نکال لیں۔

شہر شہر کی خبریں

ملک بھر میں ہونے والی نمایاں تقریبات کی خبروں اور تصاویر پر مبنی سلسلہ

اسپارک کی جانب سے تقریب کا اہتمام

اسکول آف پرفارمنگ آرٹس اور ریکارڈنگ کراچی (اسپارک) کی جانب سے گزشتہ دنوں کراچی کے بیس راک کیفے میں ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں اسکول کے بچوں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ اسکول آف پرفارمنگ آرٹس اور ریکارڈنگ اپنے طلبہ کو موسیقی اور اسٹیج کی اداکاری کی تعلیم دیتا ہے اور مختلف پروگراموں کے ذریعے انہیں عوام کے سامنے متعارف ہونے کا موقع بھی فراہم کرتا ہے۔ تقریب کے شرکاء کی تواضع کے لئے پُرتکلف عشائیے کا اہتمام کیا گیا۔

ٹیچرز ریسورس سینٹر کی جانب سے تقریب

پرل کانٹی نینٹل ہوٹل کراچی میں ٹیچرز ریسورس سینٹر کی جانب سے ایک تقریب بعنوان ''اساتذہ بطور تنقیدی مفکرین'' کا اہتمام کیا گیا۔ اس تقریب کا مقصد شرکاء کو معاشرے میں اساتذہ کی اہمیت، اساتذہ کی تعلیم میں اصلاحات کے امکانات سے آگاہ کرنا تھا۔ تقریب کے شرکاء کے لئے چائے کا اہتمام کیا گیا تھا۔

نئی دہلی میں ''شان پاکستان'' کا اہتمام

نئی دہلی بھارت میں بعنوان ''شان پاکستان'' دستکاری کی سہ روزہ نمائش منعقد ہوئی جس میں دونوں ممالک کی دستکاری مصنوعات ملبوسات' موسیقی اور فوڈ اسٹالز لگائے گئے۔ نمائش کے انعقاد کا مقصد عوام کو ایک دوسرے کے قریب لانا تھا۔ نمائش کا آغاز ''ایک شام پاکستان کے نام'' سے کیا گیا جس میں مہمانوں کی تواضع پاکستانی شیف گلزار اور انڈین شیف اسامہ جلالی کے کھانوں سے کی گئی اس موقع پر امجد صابری نے قوالی پیش کی۔ نمائش کے دوران ایک فیشن شو منعقد کیا گیا جب کہ ایروز ہوٹل میں منعقدہ فوڈ فیسٹیول کو عوامی پذیرائی حاصل ہوئی۔

لیوائس کی جانب سے تقریب کا اہتمام

لیوائس کی جانب سے پاکستان کی فلم انڈسٹری کی حوصلہ افزائی کے لئے نئی آنے والی فلم ''جوانی پھر نہیں آنی'' کے آغاز سے قبل اس فلم کے اداکاروں کے ہمراہ ایک شام کا اہتمام کیا گیا۔ اس تقریب میں میڈیا' بلاگرز' نمایاں فلمی ستاروں اور معززین شہر کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ تقریب میں آنے والوں کے لئے مشروبات اور فنگر فوڈز کا اہتمام کیا گیا۔

آرٹس کونسل کراچی میں تقریب رونمائی

میڈیکل اینڈ سوشل ویلفیئر کمیٹی' آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام ایک مذاکرہ بعنوان ''علم کی جستجو کہاں؟'' منظر اکبر ہال میں منعقد کیا گیا۔ تقریب کے شرکاء میں ڈاکٹر طاہر مسعود' زاہدہ حنا' ناہید شاہ' مبشر علی زیدی' وسعت اللہ خان اور ڈاکٹر آصف اسلم فرخی شریک ہوئے۔ مذاکرے میں ڈاکٹر شیر شاہ سید کی تین کتب 'علم و آگہی' آگہی کے چراغ' اور ''آگہی کے نشاں'' کی رونمائی ہوئی اور ان کتابوں پر بحث کی گئی۔ شرکاء کے لئے پرتکلف چائے کا اہتمام کیا گیا۔

READING Section

غذائی عادات کا جائزہ ضروری ہے

جنک فوڈز' مرغن غذاؤں' آئس کریم اور میٹھے کے شوقین افراد کی وزن میں اضافے کی شکایت بے جا ہے

موٹاپا یا بڑھا ہوا وزن دُور جدید کا اہم ترین مسئلہ سمجھا جا رہا ہے' جو زحمت کا باعث بھی ہوتا ہے۔ موٹاپے کی وجہ سے جسمانی خدوخال کشش کھو بیٹھتے ہیں' یہی وجہ ہے کہ مرد و زن وزن میں کمی کے شدت سے متمنی نظر آتے ہیں۔ اس کے لئے ہر اُس جانب بھاگتے ہیں جہاں انہیں وزن میں تیزی سے کمی کی نوید سنائی دیتی ہے' تاہم سچ تو یہ ہے کہ کوئی بھی دوا' ٹوٹکا یا ورزش ایک دم وزن میں کمی کا باعث نہیں ہو سکتا۔ وزن میں کمی کے لئے باقاعدہ منصوبہ بندی کی ضرورت ہوتی ہے جس میں جتنی اہمیت ورزش کو دی جاتی ہے اتنی ہی اہمیت کھانے پینے کے معمولات کو دی جاتی ہے۔ اس ضمن میں دنیا بھر میں محققین نے مختلف ڈائیٹ پلان یا غذائی منصوبے متعارف کرائے گئے ہیں جو نہایت کامیابی سے ہمکنار ہیں لیکن کسی بھی غذائی منصوبے کو اختیار کرنے سے قبل غذائی عادات کا جائزہ لینا ضروری ہے یعنی آپ کی مرغوب غذائیں کیا ہیں' آپ کی غذا آپ کی صحت کے لئے کتنی بہتر ہے اور وزن میں اضافے کا کتنا سبب ہے؟

اگر آپ جنک فوڈز' مرغن غذاؤں' آئس کریم اور میٹھے دل بھر کر کھاتے ہیں تو پھر وزن میں اضافے کی شکایت بے جا ہے۔ سب سے پہلے وزن کو قابو میں رکھنے کے لئے ایک میزانیہ مرتب کریں جس میں باقاعدگی سے وزن درج کریں' اس کے ساتھ ساتھ دن بھر کے کھانے کے مشغولات بھی تحریر کریں۔ آپ کے پاس وزن کرنے کی مشین بھی ہونی چاہئے تا کہ ہر دوسرے دن وزن کیا جا سکے۔

وزن میں کمی کے ہدف میں بتدریج تبدیلی زیادہ مناسب ہے' مثال کے طور پر اگر آپ 40 پونڈ کم کرنے کے خواہشمند ہیں تو ابتدائی ہدف 10 پونڈ رکھیں اور آہستہ آہستہ اس میں اضافہ کرتے جائیں۔ یاد رکھیں کہ دن بھر کھائے جانی والی خوراک میں حراروں کی مقدار کا خاص خیال رکھنا ضروری ہے۔ وزن میں کمی کی خواہشمند خاتون کو ایک دن میں 2000 سے 2500 حرارے جب کہ مرد 2500 سے 3000 حرارے لینے چاہئے۔

وزن میں کمی ایک وقت طلب کام ہے لہٰذا صبر و تحمل سے کام لیں۔ کھانے میں وقت کی پابندی کریں اور وقت پر کھانا کھائیں' ایسا نہ ہو کہ ناشتہ اور دن کا کھانا نہ کھائیں اور رات کے کھانے میں دن بھر کی کسر پوری کرنے کی کوشش کریں۔

کیفین والے مشروبات' چاولوں' تلی ہوئی چیزوں' مٹھائی' کیک' چپس' بکرے' گائے کے گوشت اور آئس کریم سے اجتناب برتیں۔ نمک کم سے کم استعمال کریں جب کہ خوراک میں سلاد' پھل' سبزیاں' مچھلی' مرغی کے گوشت اور دالوں کی مقدار بڑھا دیں۔ روزانہ صبح کے اوقات میں کم از کم 8 گلاس صبح پانی پئیں۔ کھانا ہمیشہ آہستہ آہستہ کھائیں کم از کم 20 منٹ میں کھانا ختم کریں۔ ایسے کھانوں سے پرہیز کریں جن کے ساتھ ٹماٹو کیچپ وغیرہ کھانے پڑیں کیوں کہ اس طرح سے آپ اپنے جسم کو کھانوں کے علاوہ بھی حرارے پہنچائیں گے۔

عام طور پر پریشانی کی صورت میں بھوک لگنے لگتی ہے' ایسے میں کھانے کے بجائے ورزش کریں یا گرم پانی سے نہا لیں جو آپ کی پریشانی کی کیفیت کو کافی حد تک کم کر سکتا ہے۔ روزانہ 45 سے 60 منٹ تک تیزی سے چہل قدمی کریں۔ اس کے ساتھ ساتھ ورزش کو معمول بنائیں جو وزن میں کمی کے ساتھ فشار خون کو بھی معمول پر رکھتی ہے۔

غذائی عادات کو قابو میں لانے کے بعد اب آپ تیار ہیں غذائی منصوبہ بندی کے لئے۔ ہم اپنے اگلے شمارے سے دنیا کی مشہور و معروف غذائی منصوبہ بندیوں میں انتخاب شائع کریں گے' اُمید ہے کہ ہماری چھوٹی سی کوشش قارئین کو مستفید کرے گی۔ ■

گھر چمکائیں کھانے کی چیزوں سے

کھانے کی بہت ایسی چیزیں ہیں جو گھریلو اشیاء کی صفائی کے لئے بھی بے مثال ہیں

ہم نے اپنے گزشتہ شمارے میں قارئین کو کھانے پینے کی چیزوں سے گھر چمکانے کے حوالے سے رہنمائی کی تھی جسے آپ سب نے بے حد سراہا۔ ابھی اس ضمن میں کچھ نکات باقی ہیں جو اس شمارے میں پیش خدمت ہیں۔ توقع ہے کہ درج ذیل نکات بھی قارئین کی پسند [illegible] پائیں گے۔

ڈبل روٹی کا ٹکڑا ٹوٹے ہوئے شیشے جمع کرے

شیشے کی کوئی بھی چیز ٹوٹ جائے تو سب سے بڑا مسئلہ اس کے باریک ذروں کو سمیٹنا ہوتا ہے ہم اس کا حل بتاتے ہیں جو آسان ہے۔ بس ڈبل روٹی کا ایک سلائس لیں، جس جگہ شیشے کی چیز ٹوٹی ہو وہاں سے پھیریں۔ سلائس چھوٹے چھوٹے تمام ذرات کو اپنے اندر سمو کر اس جگہ کو صاف کر دے گا۔

چاولوں سے بلینڈر صاف کریں

کپ سے کچے چاول لیں اور انہیں بلینڈر میں ڈال کر سفوف بننے تک پیس لیں پھر چاول نکال کر اسے کپڑے کی مدد سے صاف کر لیں۔ اس عمل سے بلینڈر اندر تک صاف ہو جاتا ہے بلکہ کسی بھی مصالحے کی تہہ یا گندگی بھی صاف ہو جاتی ہے۔

زیتون کا تیل شیرے کا داغ ہٹائے

اگر آپ کے بچوں نے کپڑوں یا کسی بھی جگہ شیرہ گرا دیا ہے تو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ زیتون کے تیل کا ایک چمچ لیں اور اسے متاثرہ جگہ پر رگڑیں، رگڑنے کے دوران ہی فوری طور پر شیرہ وہاں سے غائب ہونے لگے گا۔

مکئی کا دلیہ چکنائی کے داغوں کے لئے بہترین

مکئی کا دلیہ حیرت انگیز طور پر کپڑوں سے چکنائی کے داغ صاف کرتا ہے۔ جس جگہ پر داغ لگا ہو اس جگہ پر دلیے کو اچھی طرح سے پھیلا کر لگائیں اور 20 منٹ کے لئے چھوڑ دیں۔ دلیہ داغ کو غائب کر دے گا۔ دلیہ صاف کریں اور کپڑے کو معمول کے مطابق دھو لیں۔

تیزابی مشروب سے بیت الخلاء کی صفائی کریں

سیاہ تیزابی مشروب میں موجود تیزابیت فلش کے داغوں کو ہٹانے میں نہایت مددگار ثابت ہوتی ہے۔ تیزابی مشروب کو بیسن یا فلش میں ڈالیں۔ ایک گھنٹے کے بعد اس سوڈے کا چمکتا ہوا جادو دیکھیں مگر اس سے پہلے پانی بہانا نہ بھولیں۔ ■

پرورش، حمل کے تیسرے تین ماہ

حمل کے آخری تین ماہ میں ماں کو لحمیات کی ضرورت ہوتی ہے جو دودھ، انڈے، مچھلی، گوشت، اناج، دالیں اور سویابین سے حاصل ہو سکتے ہیں

نیر رباب

بچے کی آمد کی خبر سن کر ہر گھر میں خوشی کی لہر دوڑ جاتی ہے۔ یہ انتظار اس وقت زیادہ شدید ہو جاتا ہے جب حمل کے تیسرے تین ماہ شروع ہوتے ہیں۔ حمل کے تیسرے تین ماہ، ماں اور بچے دونوں کے لئے نہایت اہم ہوتے ہیں۔ ان مہینوں میں کچھ باتیں ایسی ہوتی ہیں جن کا خیال رکھنا ضروری ہوتا ہے۔ اکثر یہ کہا جاتا ہے کہ زیادہ کھاؤ۔ دو لوگوں کے لئے کھانا ہے مگر یاد رہے کہ یہ دو بڑے لوگوں کے لئے کھانا نہیں ہے بلکہ ایک بچے کے لئے کھانا ہے جس کا وزن تین یا چار کلو سے زیادہ نہیں ہوگا۔ اس لئے اپنی غذا کی مقدار نہیں بلکہ معیار اور غذا کی غذائیت کا خیال رکھیں۔ غذائیت پوری مل رہی ہو اور اگر سب کچھ درست ہے، صرف ایک ہی بچہ ہے، کوئی جڑواں تڑواں بچے نہیں ہیں، تو چوتھے مہینے سے، ہر مہینے 2 کلو کے حساب سے وزن بڑھنا چاہئے۔

حمل کے دوران اور عام دنوں میں بھی ہمیں جن غذائی اجزاء کی ضرورت ہوتی ہے وہ کن اشیاء میں پائی جاتی ہیں ان کی تفصیل درج ہے۔

لحمیات: حمل کے آخری تین مہینوں میں ماں کو لحمیات کی بہت ضرورت ہوتی ہے جو ہمیں دودھ، انڈے، مچھلی، گوشت، اناج، دالیں اور سویابین سے حاصل ہو سکتی ہے۔ اگر آپ صرف سبزیاں کھاتی ہیں تو اپنے کھانے میں لحمیات کی کمی پورا کرنے کے لئے دالیں، مٹر اور لوبیا ضرور شامل کریں۔

کیلشیم: روزانہ کیلشیم کی ضروری مقدار بدن میں پہنچے تو بچے کی ہڈیاں مضبوط ہو جاتی ہیں۔ کیلشیم کے حصول کے لئے دودھ، دہی، پنیر کے علاوہ بند گوبھی، سورج مکھی کے بیج اور تل بھی فائدہ مند ہیں۔

فولاد: ہمارے ملک کی خواتین میں فولاد کی کمی کا مسئلہ نہایت عام ہے، جس کی وجہ سے عورتوں میں خون کی کمی پیدا ہوتی ہے جو حمل پر بھی اثر انداز ہوتی ہے۔ فولاد کے آسان حصول کے لئے بند گوبھی، ہرے پتوں والی سبزیاں، کھجور، چھوہارے، چھولے، دالیں اور باجرے کا استعمال کریں۔ جسم میں فولاد جذب کرنے کے لئے سبزیوں، دالوں اور چھولوں پر لیموں یا کوئی کھٹی چیز چھڑک کر کھائیں کیونکہ حیاتین ج کی مدد سے فولاد جسم میں جذب ہوتا ہے۔ چائے اور کافی کا استعمال کم سے کم کریں کیونکہ چائے کوفی فولاد کو جسم کا حصہ بننے نہیں دیتے۔

آیوڈین: بچے کی جسمانی اور ذہنی نشوونما کے لئے آیوڈین بہت ضروری ہے اور آیوڈین کی مناسب مقدار کو روزانہ حاصل کرنا کچھ مشکل نہیں۔ سب سے پہلے آیوڈین ملا نمک استعمال کریں۔ دودھ، دہی، انڈے، پنیر اور مچھلی سے بھی آیوڈین حاصل کیا جا سکتا ہے۔

روزانہ کی غذا میں درج بالا چیزوں کو شامل رکھیں، کوئی مجبوری نہ ہو تو گھر کے کام کاج کرتی رہیں، اس طرح انسان فعال رہتا ہے اور کھانا بھی آسانی سے ہضم ہو جاتا ہے۔ یاد رکھیں کہ کھانا ہضم ہوگا تب ہی تمام غذائیت ماں اور بچے کو حاصل ہو سکے گی۔ حمل کے آخری تین مہینوں میں ہر دو گھنٹے بعد تھوڑا، تھوڑا کھائیے تاکہ آسانی سے ہضم ہو جائے اور ایک مرتبہ میں زیادہ کھانے کی وجہ سے معدے میں پیدا ہونے والی تیزابیت سے بچا جا سکے۔ ساتویں مہینے سے تلی ہوئی چیزیں کم کھانی چاہئیں اور دن بھر میں پانی زیادہ پینا چاہئے تاکہ قبض نہ ہو، حمل کے دوران قبض ہونا اچھا نہیں ہوتا، ان مہینوں میں پیروں پر ورم بھی ہو سکتا ہے، اس لئے لیٹتے وقت پیروں کے نیچے تکیہ رکھ لیں، اس طرح ورم کم ہونے میں مدد ملتی ہے۔ حمل کے پہلے 6 مہینے خیریت سے گزرے یہ 3 مہینے بھی گزر جائیں گے۔ یاد رکھئے، بیٹا ہو یا بیٹی، اولاد اللہ کا ایک خوبصورت تحفہ ہے، اور تو جان سے صحت مند ہو تو اللہ کا احسان ہے۔ اللہ کے تحفے کو خوشدلی سے قبول کیجئے اور اس کا جشن منائیں کہ آپ کو اللہ نے اس تحفے کے لائق سمجھا! ■

Kingtox
DHOKA NAHI DEYGA
Kingtox
Spray
TRIPLE ACTION
FLYING INSECT KILLER
Odourless
Low Irritant
Fast Knockdown
www.king.net.pk
/KingChemicalsPakistan
READING
Section

کیک رسک، تاریخ کے آئینے میں

آکسفورڈ انگلش ڈکشنری کے مطابق لفظ ''رسک'' 1595ء سے تعلق رکھتا ہے جب اس کا حوالہ دوبار پکائی گئی روٹی کے لئے دیا جاتا تھا

شاید ہی کوئی ایسا گھرانا ہوگا جس میں کیک رسک نہ کھایا جاتا ہو۔ چائے کے ساتھ کیک رسک نہایت مزہ دیتے ہیں۔ آیئے آج ہم آپ کو بتاتے ہیں کہ یہ کیک رسک آخر وجود میں آئے کیسے؟

قدیم یورپ میں باسی روٹی کھانا معمول تھا۔ رومن سلطنت کے فوجیوں کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ اپنے ہمراہ بسکوٹی نامی سخت روٹی رکھتے تھے، جس کے لغوی معنی ''دو بار پکایا گیا'' ہے۔ برصغیر کے کیک رسک ممکنہ طور پر ان تاریخی بسکٹوں کی نسل سے ہی تعلق رکھتے ہیں۔ کھانوں کی تاریخ پر نظر رکھنے والے ماہرین بتاتے ہیں کہ ''رسک'' نام کے کھانوں کا طریقہ استعمال الزبتھ اول کے عہد میں سامنے آنا شروع ہوا۔

کہا جاتا ہے کہ سب سے پہلے رسک ایک بازنطینی بیکر نے تیار کئے تھے۔ برصغیر میں کیک رس کے نام سے مشہور اس سوغات کا اصل نام کیک رسک ہے۔ آکسفورڈ انگلش ڈکشنری کے مطابق لفظ ''رسک'' سال 1595ء سے تعلق رکھتا ہے جب اس کا حوالہ دوبار پکائی گئی روٹی کے لئے دیا جاتا تھا۔

''رسک'' روٹی کی وہ قسم ہے جو شکر، انڈے اور مکھن سے گندھے ہوئے آٹے سے تیار کی جاتی ہے۔ ان کی ساخت ڈبل روٹی جیسی ہوتی ہے جسے پکانے کے بعد ٹھنڈا کر کے ٹکڑے کئے جاتے ہیں اور پھر کم آنچ پر اتنا خشک کیا جاتا ہے کہ وہ سخت ہو جاتی ہے۔ رسک میں پانی کی مقدار بہت کم ہوتی ہے اسی وجہ سے انہیں کافی عرصے تک محفوظ کیا جا سکتا ہے۔ جدید بسکٹوں کی بنیاد کی حیثیت رکھنے والے قرون وسطیٰ کے رسک کو بسکوٹی پانس (biscotti pans) کے نام سے جانا جاتا تھا اس کا مطلب ''دو بار پکائی جانے والی روٹی'' ہوتا ہے جنہیں سمندر میں بحری جہازوں اور افواج کے لئے استعمال کیا جاتا۔

متعدد ممالک میں ایسی روٹیاں پائی جاتی ہیں جو رسک سے مماثلت رکھتی ہیں۔ اب وہ چاہے سادی ہوں جیسے اطالوی بروشیٹا، یا میٹھی قسم (جیسے تقسیم سے قبل کے ہندوستان کے کیک رس)، تاہم ان میں دیگر اجزاء بھی شامل کئے جاتے، جیسے الائچی، دار چینی، جائفل اور خشک میوے۔ کہا جاتا ہے کہ جدید چھوٹے کیک (کوکی کیک) کی اولین قسم ساتویں صدی میں ایران میں سامنے آئی، اُس وقت وہ دنیا کے ان چند خطوں میں سے ایک تھا جہاں شکر دستیاب تھی جبکہ دوسرا خطہ برصغیر تھا۔ موجودہ عہد کے کیک صلیبی جنگوں کے بعد دیگر مصالحہ جات کے ہمراہ ایشیاء سے سفر کر کے یورپ پہنچے اور پھر واپس ایشیاء آئے، جیسے انہیں یورپ سے درآمد کیا گیا ہے۔

510 قبل مسیح کے عہد میں ایرانی شہنشاہ دارا کے بھو کے سپاہی دریائے سندھ کے قریب تھے، انہوں نے ایسے سرکنڈے دریافت کئے جو مکھیوں کے بغیر شہد پیدا کرتے تھے۔ ظاہر ہے کہ ایشیائی گنے سے یہ اولین تعلق زیادہ متاثر کن نہیں تھا، اس لئے اسے نظر انداز کر دیا گیا اور اسے پھر 327 قبل مسیح میں سکندر اعظم نے دوبارہ دریافت کیا، جس نے اسے ایران کے ذریعے اپنی ثقافت میں پھیلا دیا اور اسے بحیرہ روم کے خطے میں متعارف کرایا۔ یہ درمیانے عہد میں شکر اور (کیک) کی مصنوعات کی ابتداء میں سے ایک ہے۔ کہا جاتا ہے کہ کیک رسک الزبتھ اول کے بحری رسد کے ورثے میں سے ایک ہے۔ دوبار پکائی گئی روٹی کے یہ چھوٹے ٹکڑے طویل تر بحری سفر میں بھی خراب نہ ہوتے۔ ان کا اولین حوالہ ڈریک کے بحری سفر نامے میں سامنے آیا جو 1595ء میں تحریر کیا گیا، جس میں اس نے بتایا ''سفر کے دوران ایک شخص کو 7 یا 8 ٹکڑے رسک بطور رسد فراہم کئے جاتے ہیں۔''

اٹھارہویں صدی کے وسط سے تعلق رکھنے والے، جدید اور زیادہ بہتر ''کیک رسک'' کیک کے ایسے سلائس ہیں جنہیں دوبارہ پکایا جاتا ہے، جب یہ خستہ ہو جاتے ہیں تو انہیں خشک کر کے محفوظ کیا جاتا ہے۔

کچھ تاریخ دانوں کے خیال میں رسک کی تخلیق گھر کے باورچیوں کی بنیادی ضرورت تھی تاکہ وہ روزانہ آٹا گوندھنے کی تکلیف سے بچ سکیں اور ایسی روٹی تیار کر سکیں جو زیادہ طویل عرصے تک قابل استعمال ہو۔ مقصد خواہ کچھ بھی ہو حقیقت یہ ہے کہ کیک رسک ایک انتہائی مزے دار اسنیک ہے جو چائے یا دودھ میں ڈبو کر کھانے کے لئے مثالی ہوتے ہیں۔ ■

راجدھانی، راجھستان کا ذائقہ

اس ریستوران کی راجھستانی ثقافت کی عکاس اور سادہ آرائش یہاں آنے والے صارفین کو گرمجوشی سے خوش آمدید کہتی نظر آتی ہے، شہناز رمزی

کراچی کے باسیوں، ملک کے مختلف شہروں اور بیرونی ممالک سے کراچی آنے والے سبزی خوروں کے لئے خوشخبری یہ ہے کہ اب انہیں کراچی کے راجدھانی ریستوران میں انہیں بہترین ذائقوں پر مشتمل سبزیوں کے پکوان میسر ہیں۔

راجدھانی کی راجھستانی اور گجراتی ثقافت کی عکاس اور سادہ آرائش یہاں آنے والے صارفین کو گرمجوشی سے خوش آمدید کہتی نظر آتی ہے۔ چکور میزوں کے اوپر لیمپ اور اطراف میں خوبصورت اور آرام دہ سیٹیاں اور کرسیاں نہایت نفاست کے ساتھ سجائی گئی ہیں۔ ریسٹورنٹ کی دیواروں پر تصاویر کے ذریعے راجھستان کی منظرکشی کی گئی ہے۔ ریستوران کی اندرونی آرائش ہاون دستوں، مٹی کے برتن اور راجھستانی زیورات پر مشتمل ہے، میزوں پر بچھے نارنجی رنگ کے میزپوش اور ہرے رومال ریستوران کی خوبصورتی میں اضافے کا باعث ہیں۔

ہم جب ریستوران پر پہنچے اور آرام دہ کرسیوں پر بیٹھے تو چوغے اور پگڑی میں ملبوس بیرا سموار لئے ہمارے ہاتھ دھلوانے آ پہنچا۔ اس سارے منظر نامے نے ہمیں راجھستانی رنگ میں ڈھال دیا، جہاں مہمانوں کی خاطر تواضع میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جاتی، بعدازاں ہمیں اسٹیل کے گلاسوں میں "چھاس" پیش کی گئی۔

تھوڑی دیر کے بعد راجدھانی کے منیجر نے ہمیں ریستوران کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ ان کے ریستوران کا بنیادی مینو روزانہ تبدیل کیا جاتا ہے جب کہ ہمراہ پیش کئے جانے والے سلاد اور اچار وہی رہتے ہیں۔ اُن کا مینو 726 پکوانوں پر مشتمل ہے اور اسی مینو میں سے ہمارے لئے کھانوں کا انتخاب کیا گیا تھا۔ اسی اثناء میں بیرا انفرادی جگمگاتی ہوئی، خالی پیالیوں پر مشتمل تھالیوں سمیت حاضر ہوگیا۔ بیرے نے فوراً ہی خستہ بیکری پاپڑ لاکر ہماری تھالیوں پر رکھ دیا، اس کے ہمراہ تین طرح کے اچار بھی تھے جس میں ایک کنڈا ٹماٹو جو پیاز اور ٹماٹر سے تیار کیا جاتا ہے، گوبھی سے بنایا جانے والا سمبھارو اور گجراتی اچار جو کچے آموں اور لیموؤں پر مشتمل ہوتا ہے، شامل تھے۔ یہ تمام اجزاء کھانوں کے ذائقوں میں اضافے کا باعث تھے۔

اس دن کے مینو میں بطور اسٹارٹر رواڈھوکلا اور آلو والے پنجابی سموسے شامل تھے۔ دونوں نہایت لذیذ اور مزے دار تھے، بالخصوص ڈھوکلے جنہیں کچھ لوگ ڈھوکرے بھی کہتے ہیں۔ جن لوگوں نے کبھی ڈھوکرے نہیں کھائے انہیں بتاتے چلیں کہ ڈھوکرے بیسن سے بھاپ میں تیار کئے جانے والے نرم کیک ہوتے ہیں۔ ہماری خوش قسمتی سے ہم جس دن ریستوران گئے، اس دن کے مینو میں ڈھوکرے شامل

تھے۔ ڈھوکرے پکانے کے لئے خاص مہارت کی ضرورت ہوتی ہے اور اگر مخصوص مہارت حاصل نہ ہو تو ان کا اصل ذائقہ حاصل کرنا ممکن نہیں۔ ہمیں پیش کیے گئے ڈھوکرے نہایت نرم تھے جو منہ میں رکھتے ہی گھل رہے تھے جو تیار کرنے والے شیف کی مہارت کا ثبوت تھے۔

اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ریستوران کے مالک نے بتایا کہ ریستوران کے معیار اور یہاں کے صارفین تک اصل راجستھانی ذائقے پہنچانے کے لئے کہ انھوں نے بطور شیف راجستھانی خواتین کی خدمات حاصل کی تھیں' اتنا ہی نہیں بلکہ ایک گجراتی منیجر رکھا گیا جو تمام کھانوں کو چکھ کر ان کے ذائقے کے مستند ہونے کی تصدیق کرتا۔

ہماری تھالیوں پر پہنچنے والا دوسرا پکوان ''بھاؤ نا گری بھریلا مرچا'' اور اس کے ساتھ لال اور ہری مرچوں کی چٹنیاں تھیں۔ ''مرچا'' بھری ہوئی ہری مرچیں ہیں جن میں خلاف توقع بالکل بھی تیزی نہیں تھی بلکہ ان کا کھٹا سا ذائقہ تھا۔ اس کے بعد ہمارے اصل کھانے کی باری آئی' بیرے نے سونف والا رینگنا بناتا' بند گوبھی اور پنیر کی بھرجی' مصالحہ توری' پنیر کوفتہ مکھنی اور مرغ ہانڈی سے ہماری پیالیاں بھر دیں۔ گوشت کھانے کے شائقین کے لئے ریستوران کے مینیو میں خاص طور پر روزانہ کوئی نہ کوئی گوشت سے بنا ہوا کھانا بھی شامل ہوتا ہے۔ ہمیں پیش کیا جانے والا تمام کھانا نہایت لذیذ تھا' اس میں نہ زیادہ مصالحے شامل کیے گئے تھے اور نہ ہی یہ زیادہ مرغن تھے۔ ان سارے کھانوں میں پنیر کوفتہ مکھنی اور مرغ ہانڈی کا ذائقہ لاجواب تھا۔ ان اجزاء کے ہمراہ دیسی گھی میں ڈبوئے' تازہ بنے ہوئے نرم پھلکے پیش کیے گئے' تاہم اگر کوئی دیسی گھی کھانا پسند نہیں کرتا تو اس کی فرمائش پر اسے بغیر گھی کے پھلکے پیش کیے جاتے ہیں۔ بعد ازاں پوریاں اور مٹر کے ہمراہ ابلے ہوئے چاول پیش کیے گئے جنہیں مینیو میں مٹر پلاؤ کا نام دیا گیا تھا' علاوہ ازیں دو طرح کی دالوں میں سے بھی انتخاب کا موقع دیا گیا' تھالی بغیر دال اور وہ بھی مصالحے دار دال کے کیسے مکمل ہو سکتی ہے' تاہم پیش کی جانے والی گجراتی دال کھٹے اور میٹھے ذائقے پر مشتمل تھی۔ اس کے بعد گٹے کی کڑھی بھی پیش کی گئی جو کڑھی اور بیسن کی تلی ہوئی پٹیوں پر مشتمل تھی۔ کڑھی کے شائقین کے لئے یہ کسی نعمت سے کم نہیں تھی۔ میٹھے میں نہایت خوش ذائقہ سیب کی کھیر پیش کی گئی۔

انتہائی خوبصورت ماحول میں نہایت مزے دار اور مناسب قیمت پر دستیاب کھانوں کے لئے راجد ھانی کا انتخاب بہترین ہے۔ ■

ناریل پانی، مزے کے ساتھ فوائد بے شمار

جدید تحقیقات نے ناریل کے پانی کو دنیا کے طاقت ور ترین مشروبات میں سرفہرست بنادیا ہے

اُوپر سے سخت اور اندر سے نرم و ملائم ناریل کی خوبیوں سے کون انکار کرسکتا ہے؟ مزید ارذائقے کے مالک اس پھل کے فوائد اپنی جگہ ہیں لیکن اس کے پانی کے کرشمات بھی حیران کُن ہیں۔

ناریل کے پانی کے استعمال کی تاریخ کے بارے میں کوئی حتمی بات نہیں کہی جاسکتی' تاہم اس کے فوائد سے کوئی انکار نہیں کرسکتا۔ ناریل کا پانی پیاس بجھانے کے ساتھ دماغ کو طاقت دیتا ہے' یہ جلد کو تروتازہ بناتا ہے۔ اس کے فوائد کی بناء پر دنیا بھر میں اس کی مانگ بڑھتی جارہی ہے۔ جدید تحقیقات کے نتیجے میں ناریل کے پانی کی جو خوبیاں سامنے آرہی ہیں' اس نے ناریل کے پانی کو دنیا کے طاقت ور ترین مشروبات میں سرفہرست بنادیا ہے۔ تحقیق کہہ رہی ہے کہ ناریل کے پانی میں کثرت سے غیر تکسیدی اجزاء پائے جاتے ہیں جو دماغ کو تازہ اور جلد کو ملائم کرتے ہیں' نیز جسم کو طاقت دیتے ہیں۔ دیگر پھلوں کے جوُسوں کے مقابلے میں ناریل کے پانی میں شکر کی مقدار کم ہوتی ہے۔ ناریل کا پانی جسم میں پانی کی کمی دُور کرنے کے ساتھ تیزابیت بھی کم کرتا ہے۔ اس میں بڑھاپے کے اثرات رُوکنے والی اور سرطانوں سے محفوظ رکھنے والی خصوصیات پائی جاتی ہیں' اسے پینے سے جلد پر جھڑیاں نہیں پڑتی اور جلد کے خلئے سیراب اور مضبوط رہتے ہیں۔ اس میں پوٹاشیم شامل ہوتا ہے' اس لئے ناریل کا پانی پینے سے گُردے کی پتھری کی تحلیل میں مدد ملتی ہے۔

ناریل کے پانی سے متعلق حالیہ تحقیق میں انکشاف ہوا ہے کہ ناریل کے پانی کا باقاعدگی سے استعمال نہ صرف خون کی گردش بہتر کرتا ہے' فشار خون اور خون کی ذیابیطس کو قابو میں رکھتا ہے' بلکہ وزن بھی کم کرتا ہے اور قوت مدافعت بڑھاتا ہے۔

طبی ماہرین حاملہ خواتین کو ناریل کا پانی استعمال کرنے کا مشورہ دیتے ہیں کیوں کہ یہ قبض کے خاتمے کے لئے مفید ثابت ہوتا ہے۔ ناریل کے پانی میں موجود میگنیشیم سے پیشاب کی مقدار میں اضافہ ہوتا ہے جس کی وجہ سے یہ گردوں کے مریضوں کے لئے فائدہ مند ہے۔ اگر آپ چہرے کے کیل مہاسوں' پھوڑے اور پھنسیوں سے پریشان ہیں تو فوری طور پر ناریل کے پانی سے چہرے کی مالش کریں۔ ناریل کا پانی ہاتھوں کو نرم اور ناخنوں کو خوبصورت رکھنے کے لئے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

ناریل کے پانی کو بچوں کے لئے ڈبے میں محفوظ دودھ سے بہترین سمجھا جاتا ہے کیوں کہ ناریل کے پانی میں لیورک ایسڈ (lauricacid) ہوتا ہے جو ماں کے دودھ میں پایا جاتا ہے۔ ناریل کے پانی میں نمک کی نہایت کم مقدار ہوتی ہے جس کی وجہ سے خون کے سُرخ خلیوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا' ناریل کے پانی کی اسی خوبی کی بناء پر اسے ''یونیورسل ڈونر'' بھی کہا جاتا ہے۔

دوسری جنگ عظیم کے دوران بحرالکاہل کے علاقے میں اتحادی اور جاپانی افواج کے جن زخمیوں کو پلازمہ (خون میں شامل ایک بے رنگ مادہ) کی ضرورت پڑتی تھی' ان فوجیوں کے جسم میں رگوں کے راستے سے ناریل کا پانی براہ راست جسم میں داخل کیا جاتا' یہ عمل فوجیوں کی جان بچاتا تھا۔

خوش قسمتی سے پاکستان میں ناریل اور اس کا پانی نہایت سہولت سے اور ارزاں قیمت میں دستیاب ہے' اس لئے جتنا ممکن ہو اس کا استعمال کریں اور اس سے فیض یاب ہوں۔ ■

خوبصورتی کی ابتداء ہاتھوں سے

ہاتھ ہماری توجہ چاہتے ہیں' اُن پر زیادہ پیسے اور وقت خرچ کرنے کی بھی ضرورت نہیں' گھریلو ٹوٹکے آزما کر بھی ان کی خوبصورتی بڑھائی جاسکتی ہے

ہاتھ شخصیت کا آئینہ ہوتے ہیں' لوگوں کی اکثریت ہاتھوں کے بارے میں لاپرواہ نظر آتی ہے۔ ایسے لوگوں کو یہ احساس نہیں ہوتا کہ گندے اور پھٹے ہوئے ہاتھ قیمتی ملبوسات اور میک اپ تک کے تاثر کو ضائع کردیتے ہیں۔ ہمارے ہاتھ توجہ چاہتے ہیں اور اُن پر زیادہ پیسے اور وقت خرچ کرنے کی بھی ضرورت نہیں ہے' صرف گھریلو ٹوٹکوں کو آزما کر بھی ہاتھوں کی خوبصورتی بڑھائی جاسکتی ہے۔

ہاتھوں کی خوبصورتی کے لئے ہفتے میں ایک بار کسی ماہر سے مینی کیور (Manicure) ضرور کرائیں اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو خود کرنے کی کوشش کریں۔ کپڑے اور برتن دھوتے اور باغبانی وقت ہاتھوں پر ربڑ کے دستانے ضرور پہنیں۔ سبزی یا پھل کاٹنے سے پہلے ہاتھوں پر مونگ پھلی' سرسوں یا زیتون کا تیل لگائیں تاکہ ہاتھ نشانات سے محفوظ رہیں۔ ہاتھوں کو زیادہ دیر تک گیلا نہ رکھیں' اس سے نہ صرف ہاتھوں کی جلد خشک ہوجاتی ہے بلکہ ناخنوں کے اردگرد کی جلد ڈھیلی اور بے جان ہوجاتی ہے۔

ہاتھوں کی خوبصورتی میں اضافے کے لئے چند چھوٹی چھوٹی ورزش معاون ہوسکتی ہیں مثال کے طور پر اپنے دونوں ہاتھوں کی مٹھیوں کو 15 سے 20 مرتبہ جلدی جلدی کھولیں اور بند کریں' اُنگلیوں کو پھیلائیں اور پھر آپس میں ملائیں۔ اس سے ہاتھوں کی اُنگلیاں زیادہ خوبصورت اور پُرکشش ہوں گی۔ مٹھی بند کرکے کلائی کو 15 مرتبہ گھڑی کی سمت' پھر 15 ہی مرتبہ گھڑی کی اُلٹی سمت میں گھمائیں اس سے کلائی میں لچک آئے گی۔ تیرنے اور رسی کودنے سے بھی ہاتھوں کی خوبصورتی بڑھتی ہے۔

ایک انڈے کی سفیدی' ½ پیالی پگھلی ہوئی موم' ½ پیالی بادام کا تیل اور ایک چٹکی پھٹکری کو ایک برتن میں ڈنڈی کی مدد سے کریم کی شکل آنے تک ملاتے رہیں' پھر شیشے کی بوتل میں محفوظ کرلیں۔ ہاتھوں پر تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد اس کریم کی مالش کرتے رہیں' چند ہی دنوں میں ہاتھوں کی جلد نرم و ملائم ہوجائے گی۔

بعض لوگوں کو ناخن کترنے کی عادت ہوتی ہے جو ہاتھوں کو بدنما بنادیتی ہے۔ اس سے چھٹکارا پانا اتنا بھی مشکل نہیں' ایک کریلے میں ½ چائے کا چمچہ نمک چھڑک دیں۔ تھوڑی دیر میں کریلے سے پانی نکلنا شروع ہوجائے گا۔ یہ پانی ناخنوں پر لگائیں' ناخن کترنے والے اس کے تلخ ذائقے کی وجہ سے اُنگلیاں منہ میں لینا بھول جائیں گے۔

ہمارے ہاتھ دن بھر کاموں میں مصروف رہتے ہیں۔ صابن کے علاوہ واشنگ پاؤڈر میں شامل مختلف کیمیائی اجزاء ہاتھوں کی جلد اور ناخنوں کو خشک کردیتے ہیں۔ اس کے لئے ہم وزن عرق گلاب اور گلیسرین ملا کر ہاتھوں پر مالش کریں اس سے ہاتھ نرم و ملائم ہوجاتے ہیں۔ اس کے علاوہ 2 چائے کے چمچے شہد اور 2 چائے کے چمچے کینو کا رس ملا کر ہاتھوں پر لگانے سے بھی ہاتھوں کی رنگت نکھر جاتی ہے۔ بے رونق ہاتھوں کے لئے رات میں سونے سے پہلے کسی برتن میں نیم گرم پانی لیں' اس میں چند قطرے زیتون کا تیل ملائیں' اپنے ہاتھ اس میں 10 منٹ تک بھگوئے رکھیں' پھر صاف کرکے زیتون کے تیل کی مالش کریں اور صبح ہاتھ دھولیں۔ چند دن کے عمل سے واضح فرق محسوس ہوگا۔

جلد خصوصاً ہاتھوں کی جلد کو تندرست رکھنے کے لئے خوراک میں حیاتین اے' بی' سی' ڈی' کیلشیم' فولاد اور لحمیات سے بھرپور چیزیں شامل کریں۔ ■

مصالحہ ٹپس

☆ایک کھانے کا چمچہ لیموں کا رس' 2 کھانے کے چمچے زیتون کا تیل' ایک کھانے کا چمچہ بادام کا تیل ملا کر چہرے اور ہاتھوں پر ملیں۔ چند ہی دن میں رنگت نکھر جائے گی۔

☆اگر ہاتھ جل جائیں تو چونے کے پانی میں شکر گھول کر جلے ہوئے مقام پر لگائیں' جلے ہوئے ہاتھ کو فوری طور پر پانی میں ڈالیں۔ فوری آرام آجائے گا اور چھالے بھی نہیں پڑیں گے۔

☆اگر بخار تیز ہو تو فوری طور پر بکری کا دودھ ہاتھ اور پیروں میں ملیں۔ بخار کا زور ٹوٹ جائے گا۔

☆سگریٹ کی بدبو اردگرد والوں کے لئے ناقابل برداشت ہوتی ہے۔ اگر ایش ٹرے میں تھوڑا سا بیکنگ پاؤڈر ڈال دیں تو دوسرے آپ کے سگریٹ کی بدبو سے محفوظ رہیں گے۔

☆اگر کسی کپڑے پر رواں آگیا ہے تو اسے اپنے گھٹنے پر رکھیں اور ایک نئے یا استعمال شدہ ریزر سے اسے صاف کریں۔ لیکن اسے گیلا نہ کریں' تمام روئیں صاف ہو جائیں گے اور کپڑا نیا لگے گا۔

☆نیل پالش اور لپ اسٹک کو گرمیوں کے موسم میں فرج میں رکھیں۔ اس طرح وہ خراب ہونے سے محفوظ رہیں گی۔

☆نہانے کے لئے رکھے جانے والا گرم پانی آئینے کو دھندلا دیتا ہے۔ اگر آپ اپنے آئینے کو محفوظ رکھنا چاہتے ہیں تو اسفنج کی مدد سے صابن کی ایک تہہ شیشے پر لگالیں۔

☆اگر آپ اپنی بھاری بھرکم الماری' ریفریجریٹر یا کسی اور وزنی چیز کو کھسکانا چاہتے ہیں یا اس کی جگہ تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو اس کے سامنے فرش پر تھوڑا سا پاؤڈر چھڑک دیں اور پھر اس چیز کو کھسکائیں۔ اس طرح آپ کی چیز بآسانی حرکت میں آجائے گی اور فرش پر رگڑ کے نشانات بھی نہیں بنیں گے۔

☆اگر بال بے رونق ہو رہے ہیں تو 2 کھانے کے چمچے سمندری نمک ایک لیٹر اُبلتے ہوئے پانی میں ملا دیں پھر ٹھنڈا کر کے محفوظ کرلیں۔ اس پانی سے ہر روز سر کی جلد پر اس سے مالش کریں۔ بالوں کو حسب معمول دھوئیں' بہتر یہ ہوگا کہ بالوں کو دھونے کے لئے صابن کے بجائے شیمپو استعمال کیا جائے۔

آپ کے لئے کون سا سال، دن، مہینہ بہتر رہے گا؟ محبت، دولت اور دیگر معاملات میں کب کامیابی ملے گی؟
معروف ماہر فلکیات، روحانی اسکالر و حکیم **سید محمد علی قادری** سے رہنمائی حاصل کریں۔
اس کے علاوہ **قادری صاحب** آپ کے تمام دنیاوی (روحانی و جسمانی) مسائل کا حل **قرآنی آیات** اور **اسماء الحسنیٰ** سے پیش کرتے ہیں۔

......☆ اسکالر صاحب! 2 سال قبل آپ سے اسپین سے رابطہ ہوا تھا میری بیوی اور بچے میری نافرمانی پر تلے ہوئے تھے، میں خودکشی کا ارادہ کر رہا تھا کہ میری نظر عالمی جنتری پر آپ کے کالم پر پڑی رابطہ ہونے پر آپ نے مجھے وظیفہ دیا، الحمدللہ ایک ماہ کے عمل کے بعد ہی گھر میں سب کے رویے تبدیل ہو گئے، تاخیر کی معذرت رابطہ نہ کر سکا، اب کیا حکم ہے آپ کی خدمت میں کیا بھیجوں؟ (رضوان علی۔ اسپین)

......◀ بیٹا! غریبوں کو صدقات دیں یہی ہمارا نذرانہ ہے۔

......☆ اسکالر صاحب! میں نے غربت کی وجہ سے بانڈ کے کھلنے کے لئے وظائف لئے تھے، 2 بار وظائف کرنے پر اللہ نے میری سن لی الحمدللہ دوسرا انعام نکل آیا۔ لوح کا کیا کروں کیا یہ لوح اگلی قرعہ اندازی کے لئے بھی کارآمد ہے۔ (اصغر۔ اوباڑو، سندھ)

......◀ بیٹا! اگر آپ کے قرضوں کی ادائیگی کی صورت بن گئی ہے تو اللہ کا شکر ادا کریں، لوح کو ٹھنڈی کروا دیں۔

......☆ بابا جانی! میرا بھائی بے گناہ قتل کے کیس میں قید ہے آپ کوئی ایسا عمل بتا دیں کہ وہ بری ہو جائے، وہ ہمارے گھر کا اکیلا کفیل تھا اب فاقوں کی نوبت آ گئی ہے۔ (سیانی۔ ڈی جی خان)

......◀ بیٹی! بھائی سے کہیں کہ وہ سورۃ توبہ کی آخری 2 آیات کو روزرات سونے سے پہلے 21 مرتبہ پڑھے اور اگر یاد کر لے تو بہتر ہوگا، اور اس کا کثرت سے ورد کرے انشاءاللہ بری ہوگا۔

......☆ پروفیسر صاحب! میرے پارٹنرز نے مجھ پر کیس کروا دیا تھا، اور جب سے میں نے پارٹنرشپ ختم کی تب سے میرے گھر میں پریشانیاں آتی رہیں آپ سے بذریعہ email رابطہ ہونے پر آپ نے تعویزات کے اثرات بتائے اور لوح حفاظت بنا کر دی، الحمدللہ وظیفے کی برکت سے تمام کیسز کا خاتمہ ہوا اور گھر میں خیر و برکت آ گئی اور میرے پارٹنرز نے بھی پیسے دینے کا وعدہ کر لیا اب مزید وظیفہ پڑھنا ہے؟ (راجہ سلطان۔ مظفرآباد، کشمیر)

......◀ اللہ کا شکر ادا کریں، وظیفہ 41 دن مزید پڑھیں۔

......☆ انکل! میں نے سویڈن آپ سے بیروزگاری کا مسئلہ بیان کیا تھا آپ نے لوح حصار بنا کر دی، 2 بار وظیفہ کرنے پر بھی مسئلہ حل نہ ہوا آپ نے بڑی امید دلائی، تیسری بار وظیفے کو 10 ہی دن ہوئے تھے کہ اچھی جگہ جاب کی آفر آ گئی جاب کو 3 ماہ ہی ہوئے کہ تنخواہ بھی بڑھا دی گئی، اب کیا حکم ہے۔ (قمیر شاہ، سویڈن)

......◀ کرم ہے اس مالک کا کہ جس نے کلام پاک میں کئے گئے اسماء الحسنیٰ کے حوالے سے وعدے کو پورا فرمایا، آپ اللہ ہی کا شکر ادا کریں۔

......☆ بابا جی! آپ سے آج سے 3 سال قبل اپنی بہن کے رشتے کے لئے رابطہ کیا تھا، آپ نے بندش بتائی تھی اور لوح اور وظائف دیئے تھے الحمدللہ وظیفہ پورا ہوتے ہی اللہ نے معقول رشتہ بھیج دیا تھا اور اب ان کی شادی کو 2 ماہ ہو گئے دعا فرمائیں کہ اللہ جلد اولاد کی دولت سے نوازے آمین (فرح ناز۔ راولپنڈی کینٹ)

......◀ بیٹی! اللہ کا شکر ادا کریں اور لوح کو پاک بہتے پانی میں بہا دیں۔

......☆ انکل! میں انتہائی غریب آدمی ہوں، بچوں کی 2 وقت کی روٹی پوری کرنا مشکل ہو رہی ہے، کوئی عمل یا وظیفہ دیں، مہربانی کر کے دیکھیں یہ میرے ساتھ کیا ہو رہا ہے؟ (محمد دین۔ ماتلی، سندھ)

......◀ بیٹا! اللہ آپ کی تمام پریشانیاں دور فرمائے (آمین) آپ چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے ہر حال میں کثرت سے "یا نافع یا غنی" پڑھتے رہیں، جلد از جلد غیبی خزانے کی راہیں کھلیں گی۔

......☆ پیر جی! میں انتہائی مقروض تھا آپ نے شفقت فرمائی مجھے لوح شرف مشتری بنا کر دی، جب سے میں نے اسے اپنے پاس رکھا ہے ایسا لگتا ہے کوئی غیبی طاقت میرے تمام مسائل کے لئے میری معاون بن گئی ہے، وظیفہ پورا ہو گیا ہے اب؟ (شوکت رعنا۔ برمنگھم)

......☆ انکل! آپ کا نمبر میرے چاچو جو اسپین میں ہوتے ہیں انہوں نے دیا تھا میں اپنے تایا کے بیٹے سے شادی کرنا چاہتی تھی میرے ابو کا انتقال ہو گیا تھا امی کی چاہت میرے خالہ زاد سے شادی کی تھی رابطہ ہونے پر آپ نے لوح تسخیر نجات دی الحمدللہ وظیفے کے دوران ہی اللہ نے میرے گھر والوں کو راضی کر دیا اور آپکی ہدایت کے مطابق وظیفے کے ختم ہوتے ہی تایا کے گھر سے رشتہ آیا اور طے ہو گیا، میری شادی کو 2 ماہ ہوئے اب امی اور سوتیلے ابو ہمیں تنگ کر رہے ہیں کہتے ہیں کہ ہمیں سمجھ نہیں آتا کہ ہم نے ہاں کیسے کر دی تھی تم فوراً اس سے طلاق لے لو نہیں تو ہم اسے مار ڈالیں گے کچھ کریں انکل؟ (ن، ر۔ جنوبی پنجاب)

......◀ بیٹی! آپ لوح حفاظت بنوا لیں۔

......☆ بابا جی! میں نے آپ سے 2 سال قبل رابطہ کیا تھا میرے شوہر بے اولادی کے سبب دوسری شادی کرنے اور مجھے چھوڑنے پر تلے ہوئے تھے آپ نے لوح تسخیر قدوس بنا کر دی وظیفے کی برکت سے اب میرے شوہر بہت اچھے ہو گئے ہیں، اور الحمدللہ میں 5 ماہ کے حمل سے ہوں۔ اب لوح کا کیا کروں؟ (م، ب۔ باغ، کشمیر)

......◀ بیٹی! لوح کو پاک بہتے پانی میں ٹھنڈا کروا دیں۔

......☆ پیر صاحب! میں نے رسالے میں آپ کا کالم پڑھ کر آپ سے اپنا مسئلہ بذریعہ email بیان کیا تو آپ نے میری 5 سال سے کی مستقل بیماری کے لئے لوح شفاء اور دوا بنا کر دی، 2 ماہ کے مسلسل وظیفے اور دوا کے استعمال کی برکت سے اب میں اپنے آپ کو صحت مند پاتا ہوں آگے کے لئے کیا حکم ہے؟ (نعیم۔ اوگی، مانسہرہ)

......◀ بیٹا! دوا کی اب مزید ضرورت نہیں ہے، لیکن 27 دن مزید اس وظیفے کو جاری رکھیں۔

......☆ انکل! میری عمر 38 سال ہے ابو معذور ہیں، مناسب رشتہ آ جائے وظیفہ بتا دیں؟ (نیلم۔ لاہور)

......◀ بیٹی! 2 تسبیح "یا قائم یا سمیع" کی پڑھیں 11 روز تک اول آخر 7 بار درود پاک کے ساتھ، انشاءاللہ خوشی نصیب ہوگی۔

......☆ اسکالر صاحب! میں نے ڈیڑھ سال قبل آپ سے اپنے بزنس جو کہ بالکل ختم ہونے کے قریب تھا کے لئے لوح مراد خاص لی تھی معذرت کے ساتھ وظیفہ ختم ہونے کے بعد میں آپ سے رابطہ نہ رکھ سکا اللہ نے لوح اور وظیفے کی برکت سے ایسا ہاتھ پکڑا کے مجھے سر کھجانے کا بھی ٹائم نہیں ملا میں اپنا بزنس اب پنڈی میں بھی شروع کرنا چاہ رہا ہوں حساب لگا کے بتا دیں؟ (مشتاق۔ منڈی جہانیاں)

......◀ صدقہ دیں اور اللہ کا نام لے کر پنڈی میں بھی شروع کر دیں۔

......☆ میں نے بانڈ کے لئے لوح غنی لی تھی انعام نکل آیا اور الحمدللہ قرضے بھی ادا ہو گئے۔ (عبدالباسط، خانیوال)

......◀ مبارک ہو اب کچھ مال غریبوں پر بھی تقسیم کریں۔

ہدایات :- اگر خط لکھ کر مسئلہ بیان کرنا ہو تو خط لکھتے وقت اپنا مکمل نام اپنی والدہ کا نام اور تاریخ پیدائش ضرور لکھیں، خط کے ساتھ جوابی لفافہ بھی روانہ کریں، خط ہاتھ سے تحریر کریں، فوٹو کاپی کیے ہوئے یا کمپیوٹر پرنٹ کیے ہوئے خطوط کا جواب نہیں دیا جاتا۔ لوگوں کے مسائل کے سننے کا وقت صبح **11** سے شام **6** بجے تک کا ہے، بروز جمعۃ المبارک چھٹی ہوتی ہے، ان اوقات کے علاوہ معمولات کا وقت ہے، نماز کے اوقات میں فون کرنے سے گریز کریں۔ (اوپر درج کئے گئے سوالات کے جوابات میں دیئے جانے والے وظائف نام اور کیفیات کے حساب سے ہوتے ہیں، لہٰذا اپنے طور پر وظائف کرنے کی بجائے فون پر رہنمائی ضروری ہے)

خط کے رابطے کیلئے:- **سید محمد علی قادری** A-911، سیکٹر 11-B، نارتھ کراچی، بالمقابل نارتھ کراچی ٹیلی فون ایکسچینج، کراچی۔

email... mashalerah@gmail.com --- mashaleraah@gmail.com

Mobile:- 0333 - 2254335 --- 0331-2491201 --- 0345-2186233

ٹوٹکے

اچار کو محفوظ رکھنے کے لئے

اگر اچار کو محفوظ رکھنا ہے تو اسے نہ گیلے چمچے سے چلائیں اور نہ ہی اسے نکالنے کے لئے پلاسٹک یا اسٹیل کا چمچہ استعمال کریں۔

لیموں کا رس محفوظ کرنے کے لئے

لیموؤں کا رس ہلکا سا پکائیں' اسے ٹھنڈا کر کے ایک لیموں کا رس شامل کر دیں۔ لیموں کے رس کو برف جمانے کی ٹرے میں ڈال کر جمائیں۔ انہیں نکال کر پلاسٹک کی تھیلی میں ڈالیں اور اسے ربڑ بینڈ سے بند کر دیں۔ اس کو مہینوں تک استعمال کیا جاسکتا ہے۔

کھِلے ہوئے چاول بنانے کے لئے

اگر چاول کھلے کھلے بنانے ہیں تو انہیں ٹھنڈے پانی سے دھوئیں' پکاتے ہوئے ایک کھانے کا چمچہ سفید سرکہ شامل کریں اور اگر ضرورت ہو تو درمیان میں بھی ٹھنڈا ہی پانی شامل کریں۔ چاول کھِلے ہوئے بنیں گے۔

حلقے دُور کرنے کے لئے

آنکھوں کے گرد پڑے حلقے دُور کرنے کے لئے ہاتھ کی تیسری اُنگلی پر زیتون کا تیل لگائیں اور سونے سے قبل حلقوں پر مالش کریں۔ نیند پوری کریں' چقندر اور گاجر کا جوس پئیں۔

رنگے ہوئے بالوں کے لئے

اگر آپ نے بال کسی کیمیکل سے رنگے ہیں تو رنگنے کے اگلے دن بالوں میں مہندی لگائیں۔ اس سے نہ صرف بال کیمیکل کے مضر اثرات سے محفوظ رہیں گے بلکہ رنگ بھی زیادہ دن تک برقرار رہے گا۔ پہلے دن کے بعد 5 دن کے وقفے سے' پھر 6 دن کے وقفے سے اور پھر 7 دن کے وقفے سے مہندی لگانے کا عمل دہراتے رہیں اور ہر بار ایک دن کا اضافہ کر دیں۔ اس طرح سے مہندی کا عمل مہینے میں 2 مرتبہ ہو جاتا ہے۔ اس طرح سے بالوں کو رنگنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔

Cluster Beans
گوار کی پھلی
Gawar ki phali
Cauliflower
پھول گوبھی
Phool gobhi
Pumpkin
کدُو
Kadu
Radish
مُولی
Muli

Artichoke
خرشف
Kharshaf
Barley
دلیہ
Daliya
Basil
تلسی
Tulsi
Ash gourd
پیٹھا
Petha